چوتھا سمسٹر IV Semester	ایم۔ایڈ (ریگولر) M.Ed Regular	جولائی 2022

Paper - MMED441DST : Curriculum, Pedagogy and Assessment in Elementary Education

جملہ نشانات : 70 Maximum. Marks	گھنٹے 3 Hrs : وقت : Time

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃ ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں 8 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 05 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 06 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں 5 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی 03 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو (500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال : 1

1. مطالعہ، سرگرمی اور رہنمائی نصاب کے تین بڑے پہلو ہیں جو --------- کے تصور میں شامل ہے۔
   a) اقدار کی اسکیم   b) پبلک اسکول کا کام   c) تعلیمی پروگرام   d) a اور b دونوں

ii. ---------- کے مطابق نصاب، اقدار کی ایک سوچی سمجھی اسکیم پر مبنی ہے جو تعلیم کے اغراض ومقاصد یا مُدّعیٰ کو تشکیل دیتے ہیں۔
   a) ہلڈا ٹابا   b) البرٹ اولیور   c) رونالڈ   d) فلپ فینیکس

iii. ہلڈا ٹابا کے مطابق، نصاب عوامی اسکول (Public School) کا کام ہے جس میں ----- شامل ہے/ ہیں۔
   a) ثقافتی تبدیلی کے آلے کے طور پر۔   b) ثقافتی ورثے کے آلے کے طور پر۔
   c) ذاتی ترقی کے ذرائع کے طور پر۔   d) یہ سبھی

iv. -------- نصاب کا ایک اہم مقصد یا تشویش ہے/ ہیں۔
   a) انفرادی رویے میں تبدیلی۔   b) نوکری کی تیاری۔
   c) ذاتی اطمینان۔   d) ان میں سے کوئی نہیں

v. ------------- تدریس کا نظریہ، طریقہ اور فلسفہ ہے۔
   a) تعلیم   b) علم تدریسیات   c) نصاب   d) تعین قدر

vi. ------- کا شمار احتساب (assessment) کے آلات کے طور پر ہوتا ہے/ ہیں۔
   a) سوال نامہ   b) تحصیلی جانچ   c) چیک لسٹ   d) یہ سبھی

vii. قبل از سرگرم (Pre-active) مرحلہ سے مراد ----------- ہے/ ہیں۔
   a) طرز عمل اور انتظام   b) منصوبہ بندی   c) پیروی اور استحکام   d) یہ سبھی

viii. تعین قدر کا بنیادی مقصد--------ہے

a) فیصلہ b) رائے c) پیشین گوئی d) تنقید

ix. --------اکتسابی عمل(learning process) کی نگرانی کے لیے احتساب کی-------قسم کا استعمال کیا جاتا ہے/ ہیں:

a) اختتامی احتساب(Summative assessment) b) تشخیصی احتساب(Diagnostic assessment)

c) تشکیلی احتساب(Formative assessment) d) ان میں سے کوئی نہیں

x. ------------جانچ/ٹیسٹ کی قسم سب سے کم معتبر ہے؟

a) مضمون نویسی(Essay) b) مماثل قسم(Matching)

c) تکمیل(Completion) d) درست-غلط(True False)

حصہ دوم

2. نصاب کے اہم اجزاء کی وضاحت کریں؟

3. نصاب کی تشکیل کے تعمیری نقطہ نظر سے کیا مراد ہے؟ واضح کیجیے۔

4. تدریس کے مختلف مراحل سے کیا مراد ہے؟ مناسب مثالوں سے واضح کریں۔

5. پروگرام کی قدر پیمائی(Evaluation of Programme) کے ایک اہم مراحل کے طور پر منصوبہ بندی کی مطابقت پر تبادلہ خیال کریں۔

6. ابتدائی سطح پر مضمون کے تجزیہ(Content analysis) کے فوائد لکھیں۔

7. معروضی جانچ سے کیا مراد ہے؟ اس کی خصوصیات لکھیں۔

8. کارکردگی(Performance) ٹیسٹ/ جانچ سے کیا مراد ہے؟ اس کی نوعیت مختصراً لکھیں۔

9. تنقیدی سوچ اور عکاسی کی نشوونما کے لیے بطور استاد آپ اپنے طلباء کو کس طرح مشغول رکھیں گے؟ مناسب مثالوں سے واضح کریں۔

حصہ سوم

10. "مخفی نصاب(Hidden Curriculum) طلباء کو ان کے کورسز کے مضامین اور مواد سے ہٹ کر سکھاتا ہے"۔ تفصیل سے جواز پیش کریں۔

11. علم تدریسیات سے کیا مراد ہے؟ جدید علم تدریسیات(Advanced Pedagogy) کے اصول لکھیں اور تدریس کی موثر منصوبہ بندی اور اس پر عمل درآمد میں اس کے اطلاق پر بحث کریں؟

12. فہم(Understanding) سے کیا مراد ہے؟ یہ علم اور مہارت سے کیسے مختلف ہے؟ علم کی تعمیر کا عمل افہام وتفہیم کو بڑھانے میں کس طرح مدد کرتا ہے؟

13. تنقیدی تدریسیات کے تصور کی وضاحت کریں؟ ابتدائی اسکول کے سیاق وسباق میں تدریس کے تنقیدی تجزیہ کے اطلاق پر تفصیل سے بحث کریں۔

14. "تشخیص(Diagnosis) اختتام نہیں بلکہ مشق کا آغاز ہے"۔ اس اقتباس کی روشنی میں تعلیم میں تشخیصی جانچ(Diagnostic Test) کی اہمیت کو بیان کریں۔

☆☆☆